## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا صحافیوں کے ہمراہ 27 دسمبر کے سانحہ کے بعد جلائی گئی فیکٹریوں کا دورہ

## ماسکو کمپنی میں 2، ارب کا نقصان، لیکسن ٹوبیکو لمیٹڈ اور فلورمل کو لوٹ مار کے بعد مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا

## مسلح دہشت گردوں کی کارروائیوں کے باعث ہونے والا نقصان 20، ارب روپے سے زائد ہے۔ فضل جلیل

کراچی۔۔۔10، جنوری 2008ء (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، ارکان شعیب احمد بخاری اور اشفاق منگی نے جمعرات کو صحافیوں کے ہمراہ کورنگی اور لانڈھی کے صنعتی علاقوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے چیئرمین شیخ فضل جلیل، سابق چیئرمین عبدالحسیب، سینئر وائس چیئرمین رزان حشام پراچہ، وائس چیئرمین جوہر علی، سیکریٹری نہال اختر، ناظم کورنگی ٹاؤن عارف خان، لانڈھی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے زیاد بشیر، ریاض احمد شوکت ملک اور دیگر بھی انکے ہمراہ تھے۔ اس ہنگامی دورہ کا مقصد کورنگی اور لانڈھی کے انڈسٹریل زونوں میں ہونے والے جانی و مالی نقصان کا اندازہ لگانا تھا تاکہ حکومت سے معاوضہ کی ادائیگی کا مطالبہ کیا جاسکے۔ رابطہ کمیٹی کے ہمراہ الیکٹرونک اور پرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافی بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ انہوں نے اپنے دورہ کا آغاز جمعرات کی سہ پہر کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے صدر دفتر سے کیا اس سے قبل ایم کیوایم کے رہنما اور صحافی وہاں پہنچے تو تاجروں اور صنعتکاروں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے پر متحدہ قومی موومنٹ، اس کے قائد الطاف حسین اور صحافیوں سے اظہار تشکر کیا۔ بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، صحافیوں، تاجروں وصنعتکاروں گارمنٹس تیار کرنے والی کمپنی ماسکو پہنچے جسے 27 دسمبر کو پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد شرپسند عناصر نے جلا کر خاکستر کر دیا ہے اور صرف یہاں دو ارب روپے کا نقصان ہوا ہے جبکہ 3 ارب روپے کی برآمدات ختم ہوگئی ہے۔ اس کے بعد انہوں نے سگریٹ ساز کمپنی لیکسن ٹوبیکو لمیٹڈ کا دورہ کیا جہاں بلوائیوں نے کمپنی کی تمام مشینری اور تنصیبات کو مکمل طور پر تباہ کر دیا اسی طرح طرح ایم کیوایم کے رہنماؤں اور صحافیوں نے کورنگی میں واقع فلورمل جو ڈبل روٹی بھی تیار کا دورہ کیا اسے بھی شرپسندوں نے لوٹ مار کے بعد مکمل طور پر تباہ کر دیا اور یہاں نقصان کا تخمینہ تقریباً دس کروڑ روپے لگایا گیا ہے۔ دورے کے موقع پر کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ انڈسٹری کے چیئرمین شیخ فضل جلیل نے بتایا کہ کورنگی اور لانڈھی کے انڈسٹریل زونوں شرپسند اور مسلح دہشت گردوں کی کارروائیوں کے باعث ہونے والا نقصان 20، ارب روپے سے زائد ہے۔

## سانحہ راولپنڈی لیاقت باغ کے بعد جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات ایک مخصوص طبقہ کے خلاف مجرمانہ کارروائی تھی

## صرف کورنگی انڈسٹریل ایریا میں 2 دونوں کے اندر 20 ارب روپے سے زائد کا نقصان ہوا

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور ایوان ہائے صنعت وتجارت کے رہنماؤں کی صحافیوں سے بات چیت

کراچی۔۔۔10، جنوری 2008ء (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ اور کراچی کے مختلف ایوان ہائے صنعت وتجارت کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ 27 دسمبر کے سانحہ راولپنڈی میں پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات میں جو کچھ ہوا وہ ایک مخصوص طبقہ کے خلاف مجرمانہ کارروائی تھی۔ اس کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے اور اس کے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے اس موقع پر حکومت سے تاجروں اور صنعت کاروں اور عوام کے مئوثر تحفظ کا مطالبہ کیا اور کہا کہ اگر اس کی روک تھام نہ کی گئی تو مستقبل میں جرائم پیشہ عناصر ایسی کارروائیاں کرتے رہیں گے جس سے بین الاقوامی سرمایہ کاری پر برے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ ان خیالات اظہار متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے متاثرہ فیکٹریوں کے دورے کے موقع پر کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے دفتر میں صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر کراچی کے متاثرہ علاقوں خصوصاً صنعتی علاقوں کے دورے کا مقصد یہاں ہونے والے نقصانات کا تخمینہ اور اس کے پسِ پشت عناصر کو بے نقاب کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک دشمن عناصر کا کارنامہ ہے جس کا مقصد ملک کے صنعتی حب کراچی کو مفلوج بنانا ہے تاکہ پورا ملک مفلوج ہو جائے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم ان سول سوسائٹی اور انسانی حقوق کے علمبرداروں سے پوچھتے ہیں کہ جب کسی گلی میں ایک کتا بھی مرتا ہے تو وہ سڑکوں پر نکل آتے ہیں تو آج وہ کراچی میں 50 سے زائد افراد کی ہلاکت اور اربوں روپے کے نقصان پر کیونکر خاموش ہیں۔ امن وامان کے حوالے سے پوچھے گئے سوال کے جواب

میں انہوں نے کہا کہ سانحہ کے بعد قانون نافذ کرنے والے ادارے لیٹ ہوگئے تھے۔متحدہ کے پاس سانحہ کے متاثرہ افراد کے حوالے سے اب تک درخواستوں کی موصولی کے سوال پرانہوں نے کہا کہ اب تک 600 سے زائد متاثرہ افراد نے شکایت درج کی ہے اوراب تک 13 ارب 43 کروڑ روپے کے کلیم جمع کرائے جاچکے ہیں۔اس موقع پر کاٹی کے چیئرمین شیخ فضل جلیل نے کہا کہ ہم متحدہ قومی موومنٹ کے مشکور ہیں کہ انہوں نے ہمارے زخموں پر مرہم رکھنے کیلئے ہمارے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ 27اور28 دسمبر کو کورنگی انڈسٹریل ایریا میدان جنگ کا سماں پیش کررہا تھا۔انہوں نے کہا کہ سانحہ 27 دسمبر کے بعد شرپسندوں نے 18 فیکٹریاں ، 7 بینک ، 4 پیٹرول پمپ مکمل طور پرلوٹ مار کرنے کے بعد جلا دیئے جبکہ کے ای ایس سی اور سوئی گیس کے دفاتر کے علاوہ درجنوں شوروم اور ہوٹلوں کو بھی لوٹ مار کرکے نذر آتش کردیا گیا۔انہوں نے کہا کہ صرف کورنگی انڈسٹریل ایریا میں سانحہ کے 2 دونوں کے اندر 20 ارب روپے سے زائد کا نقصان ہوا ہے جو اس سانحہ کے بعد ملک بھر میں ہونے والے نقصانات کا 20 فیصد ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ ایک سوچی سمجھی سازش تھی جس کا مقصد کراچی اور ملک کی معیشت کو تباہ کرنا تھا۔انہوں نے کہا کہ سانحہ کے 2 سے 3 دنوں میں قانون نافذ کرنے والے ادارے موجود نہیں تھے اور جنگل کا قانون رائج تھا۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی سے مطالبہ کیا کہ ان کے نقصانات کے ازالہ کیلئے آواز اٹھائی جائے اور، تاجروں وصنعتکاروں کے تحفظ کیلئے مربوط لائحہ عمل طے کیا جائے۔اس موقع پر لانڈھی انڈسٹریل ایریا کے زیاد بشیر، ریاض، شوکت ملک اور کامران نے رابطہ کمیٹی کے اراکین کو نقصانات کی تفصیلات اور تصاویر پیش کرتے ہوئے کہا کہ اگر قانون نافذ کرنے والے ادارے بروقت کارروائی کرتے تو نقصان سے بچا جاسکتا تھا۔ انہوں نے صحافیوں کے سوال کے جواب دیتے ہوئے کہا کہ شرپسند عناصر پروفیشنل گروہ پر مشتمل تھے اور ایک باقاعدہ منظم طریقے سے لوٹ مار اور جلاؤ گھیراؤ کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ نقصانات کا ازالہ تو ایک طرف اس وقت بین الاقوامی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنا مشکل ہوگیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ لانڈھی انڈسٹریل ایریا سے سالانہ 1.5 بلین یو ایس ڈالر کا مال ایکسپورٹ کیا جاتا ہے اور سانحہ کے بعد 50 ملین ڈالر کے آرڈر کینسل ہوچکے ہیں۔انہوں نے بھی مطالبہ کیا کہ ان تمام واقعات کے پس پشت عناصر کو بے نقاب کیا جائے اور صنعت کاروں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

## لاہور میں بم دھماکے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے، الطاف حسین
## بے گناہ شہریوں کا خون بہانے والے کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے

لندن۔۔۔10، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور کے علاقے جی پی او چوک پر بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے میں پولیس اہلکاروں سمیت 22 افراد کے جاں بحق اور درجنوں افراد کے زخمی ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جو درندہ صفت عناصر اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کا خون بہا کر ملک بھر میں امن وامان کی صورتحال کو تباہ کرنے کی سازش کررہے ہیں وہ کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت پرویز مشرف، نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو، گورنر پنجاب اور نگراں وزیراعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا کہ لاہور میں بم دھماکے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے، اس المناک واقعہ کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیو ایم لاہور کے کارکنان زخمیوں کیلئے خون کے عطیات دیں، الطاف حسین

لندن۔۔۔10، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لاہور کے کارکنان اور ہمدرد عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ لاہور کے علاقے جی پی او چوک پر بم دھماکے کے زخمیوں کے لئے خون کے زیادہ سے زیادہ عطیات دیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی بڑی تعداد کی حالت تشویشناک ہے اور انہیں خون کے عطیات کی شدید ضرورت ہے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لاہور کے کارکنان سے اپیل کی وہ میو اور سروسز اسپتال لاہور جاکر زیادہ سے زیادہ خون کے عطیات دیں۔

## محرم الحرام کے موقع پر فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور امن و مان برقرار رکھیں اور عوام کو آپس میں لڑوانے کی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں

## محرم الحرام اور ہجری سال کے آغاز کے موقع پر تمام مکاتب فکر کے عوام سے الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔10، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محرم الحرام اور ہجری سال کے آغاز کے موقع پر تمام مکاتب فکر کے مسلمانوں خصوصاً پاکستانیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ محرم الحرام کے موقع پر فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور امن و مان برقرار رکھیں اور عقیدہ، مذہب اور فقہ کی بنیاد پر عوام کو آپس میں لڑوانے والے عناصر کی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔انہوں نے پورے ملک میں متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنوں، ذمہ داروں اور منتخب نمائندوں سے کہا ہے کہ وہ محرم الحرام کے موقع پر فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارہ برقرار رکھنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور اپنے اپنے علاقوں میں مختلف مکاتب فکر کے بزرگوں اور نوجوانوں پر مشتمل امن کمیٹیاں تشکیل دیں تاکہ محرم الحرام کے موقع پر فرقہ وارانہ بھائی چارہ برقرار رکھا جائے۔جناب الطاف حسین نے متحدہ قومی موومنٹ کی علماء کمیٹی اور تحریکی ذمہ داروں سے کہا ہے کہ وہ اپنے اپنے شہروں میں مختلف مکاتب فکر اور فقہوں سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، واعظوں اور ذاکرین سے ملاقاتیں کریں اور ان سے اپیل کریں کہ وہ فرقہ وارانہ یکجہتی کیلئے اپنا کردار ادا کریں اور اپنے خطبات، مجالس اور تقاریر میں بھائی چارے، فرقہ وارانہ اتحاد اور امن و امان کے قیام کی تبلیغ کریں کیونکہ ہمارا دینِ اسلام امن وسلامتی اور آپس میں پیار محبت اور اتحاد و یکجہتی کی تعلیم دیتا ہے۔

## ایم کیو ایم پنجاب کے عہدیداروں نے میو اسپتال جاکر خودکش بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی

## ایم کیو ایم کے کارکنوں نے بم دھماکے کے زخمیوں کیلئے خون کے عطیات دیئے اور امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا

## خودکش دھماکے اسلام کی خدمت نہیں بلکہ دنیا بھر میں اسلام کو بدنام کرنے کی سازش ہے۔ایم کیو ایم پنجاب

لاہور۔۔۔10، جنوری 2008ء۔۔۔ایم کیو ایم پنجاب کے عہدیداروں نے لاہور کے میو اسپتال جاکر لاہور ہائیکورٹ کے باہر خودکش بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی اور ان سے ہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے کارکنوں نے بم دھماکے کے زخمیوں کیلئے خون کے عطیات دیئے اور امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔دریں اثناء ایم کیو ایم پنجاب کے آرگنائزر امان اللہ خان ایڈوکیٹ، سینئر ڈپٹی آرگنائزر غیاث الدین جانباز اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے لاہور میں ہونے والے خودکش بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو نہایت سفاکانہ، وحشیانہ اور کھلی بربریت قرار دیا ہے۔اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ کوئی بھی مسلمان خودکش حملے جیسا گھناؤنا اور وحشیانہ عمل نہیں کرسکتا اور جن عناصر نے اپنے مذموم مقاصد کیلئے یہ وحشیانہ عمل کرکے بے گناہ انسانوں کو خون میں نہلایا ہے وہ مسلمان نہیں ہوسکتے اور یہ عمل اسلام کی خدمت نہیں بلکہ دنیا بھر میں اسلام کو بدنام کرنے کی سازش ہے۔انہوں نے خودکش بم دھماکے میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور ان کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم پنجاب کے تمام عہدیداران و کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

## مطیع اللہ، خواجہ مسعود الحسن، بے نیاز بیگم، محمد شبراتی اور سراج الحق وارثی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔10/جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر اجمیر نگری یوسی 11 کے کارکن رفیق اللہ کے والد مطیع اللہ، نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 133 بی کے کارکن مطلوب الحسن والد خواجہ مسعود الحسن، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن اظہار احمد کی والدہ بے نیاز بیگم، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن محمد کامران کے والد محمد شبراتی اور نائن زیرو کے پڑوسی سراج الحق وارثی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست امیدواران وصی اللہ لاکھو اور حنیف چھتانی نے آگرہ تاج کالونی کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔10جنوری2008ء۔۔۔قومی اسمبلی کے حلقہ این اے248 سے متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار وصی اللہ لاکھو اور پی ایس108 سے نامزد حق پرست امیدوار حنیف چھتانی نے لیاری کے علاقے آگرہ تاج کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور گھر گھر جاکر عوام سے رابطہ کر کے ان میں سندھی ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں کے نام جناب الطاف حسین کا کھلا خط تقسیم کیا۔اس موقع پر انہوں نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندوں نے لیاری کے عوام کے دیرینہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے ثابت کر دیا ہے کہ ایم کیو ایم غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے دیرینہ مسائل کے لئے عملی جدوجہد کر رہی ہے اور بلا امتیاز رنگ و نسل عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے لیاری اور آگرہ تاج کے عوام سے اپیل کی کہ وہ آزمائے ہوئے عناصر کو بار بار آزمانے کے بجائے اپنے مسائل کے حل کیلئے آئندہ انتخابات میں ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

☆☆☆☆☆